# 16-01-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔  مرکزی حکومت نے سرکاری ملازمین اور وظیفہ یابوں کے لئے آٹھواں پے کمیشن قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔

۲۔ چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت نے سابق چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ کی لوٹ کھسوٹ پر روک لگائی اور عوام کا پیسہ تلنگانہ میں 6 گیارنٹیز پر عمل آوری اور فلاحی پروگراموں پر خرچ کررہی ہے۔

۳۔ بی آر ایس کے کارگذار صدر اور سابق وزیر کے ٹی راما راؤ آج فارمولا ای ریس کیس میں پوچھ تاچھ کے لئے انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے روبرو حاضر ہوئے۔

۴۔ سابق مرکزی وزیر ایس جئے پال ریڈی کو آج ان کے 83 ویں یوم پیدائش کے موقع پر خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

OO

چیف منسٹر اے ریونت ریڈی نے سابق مرکزی وزیر ایس جئے پال ریڈی کو آج ان کے یوم پیدائش کے موقع پر خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے علیحدہ ریاست تلنگانہ کے خواب کو پورا کرنے میں اہم رول ادا کیا۔ دہلی میں جئے پال ریڈی کی تصویر پر پھول چڑھانے کے بعد چیف منسٹر نے کہا کہ آنجہانی لیڈر نے سختی کے ساتھ اخلاقی اقدار پر عمل کرتے ہوئے ایک گاؤں سے دہلی تک کا سیاسی سفر تیزی کے ساتھ طئے کیا۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ جئے پال ریڈی ملک کے بہترین پارلیمنٹرین تھے۔ انہوں نے متحدہ آندھرا پردیش کی اسمبلی میں ایم ایل اے اور پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی رکن کی حیثیت سے اپنی تقریروں کے ذریعہ انمٹ نقوش چھوڑے ہیں۔

OO

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت نے سابق چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ کی لوٹ کھسوٹ پر روک لگائی اور عوام کا پیسہ تلنگانہ میں 6 گیارنٹیز پر عمل آوری اور فلاحی پروگراموں پر خرچ کررہی ہے۔ دہلی میں آج میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی حکومت نے کرپشن پر مکمل طور پر قابو پالیا اور اسی وجہ سے وہ 6 ضمانتوں پر عمل کرپائی ہے۔ داؤس کے دورہ کے بارے میں انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کے لئے ایک لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ چیف منسٹر نے کہا کہ وہ 26 جنوری کو اپنی واپسی پر سرمایہ کاری کی تفصیلات بتائیں گے۔

OO

مرکزی وزیر لیبر و روزگار ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کہا ہے کہ بھارت مختلف اقدامات کے ذریعہ عالمی سطح پر کاریگروں کی قلت سے نمٹنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔  اِن اقدامات میں ہنرمندی اور معیار کو باہمی طور پر تسلیم کرنا بھی شامل ہے۔ دہلی میں آج ملازمتوں کے مستقبل پر ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہنرمندی اسناد سے آگے بڑھنی چاہئے۔ انہوں نے صنعت اور خود روزگار کے شعبوں کی ضروریات کی تکمیل کے لئے افراد کو عملی تجربہ سے لیس کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ صنعت اور تعلیم کے شعبوں کے درمیان مضبوط روابط سے بھارت کی منفرد ضروریات کے لئے ہنرمند ماڈل تیار کیا جاسکتا ہے۔

○○

مرکزی حکومت نے سرکاری ملازمین اور وظیفہ یابوں کے لئے آٹھواں پے کمیشن قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ مرکزی وزیر اطلاعات ونشریات اشونی ویشنو نے آج دہلی میں یہ اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ ساتویں پے کمیشن کی میعاد 2026ء میں ختم ہورہی ہے اور آٹھویں پے کمیشن کے قیام سے اِس کی سفارشات کے لئے کافی وقت مل پائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کمیشن کے چیرمین اور دو ارکان کا تقرر جلد کیا جائے گا۔

○○

ہندوستانی خلائی تحقیقاتی ادارہ اسرو نے اسپاڈیکس مشن کے تحت چیسر اور ٹارگیٹ نامی اپنے دو سٹلائٹس کو کامیابی کے ساتھ خلاء میں ٹھہراتے ہوئے آج ایک تاریخ سنگ میل عبور کیا۔ اسرو کی جانب سے بنائے گئے بھارتیہ ڈاکنگ سسٹم کی غیر معمولی کامیابی کے بعد بھارت امریکہ، روس اور چین کے بعد یہ تکنالوجی استعمال کرنے والا چوتھا ملک بن گیا ہے۔ ڈاکنگ تکنالوجی خلائی اسٹیشن اور اس کے مشن میں کافی اہمیت رکھتی ہے۔ اس تکنالوجی کی مدد سے خلائی مدار میں ریفلنگ اور بھاری انفرااسٹرکچر جمع کرنے میں مدد ملتی ہے۔

○○

بی آر ایس کے کارگذار صدر اور سابق وزیر کے ٹی راما راؤ آج فارمولا ای ریس کیس میں پوچھ تاچھ کے لئے انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کے روبرو حاضر ہوئے۔ اینٹی کرپشن بیورو کی جانب سے ایک طرف اس کیس کی تحقیقات جاری ہے، جبکہ دوسری طرف انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے منی لانڈرنگ کے انسداد سے متعلق قانون کے تحت کے ٹی آر اور ایچ ایم ڈی اے کے دو سابق عہدیداروں کے خلاف انفورسمنٹ کیس انفارمیشن رپورٹ ای سی آئی آر درج کی ہے۔ اسی کیس کے سلسلہ میں سینئر آئی اے ایس عہدیدار اروند کمار اور ایچ ایم ڈی اے سابق چیف انجینئر بی ایل این ریڈی ای ڈی کے روبرو حاضر ہوئے۔ ای ڈی نے ان دونوں کے بیانات ریکارڈ کئے۔ حیدرآباد میں ای ڈی کے دفتر پر آج کے ٹی آر کی حاضری کے موقع پر سخت سیکورٹی انتظامات کئے گئے۔ بی آر ایس کے قائدین اور کارکنوں کی ایک بڑی تعداد ای ڈی کے دفتر کے بارہ جمع ہوئی، تاہم پولیس نے انہیں وہاں سے ہٹا دیا۔

○○

بالی ووڈ کے اداکار سیف علی خان پر کل رات ممبئی کے باندرہ علاقہ میں ان کے مکان پر نامعلوم شخص نے حملہ کردیا۔ سیف علی خان کی حالت اب مستحکم ہے اور اب وہ خطرہ سے باہر ہیں۔ لیلاوتی ہاسپٹل کے ڈاکٹروں نے تصدیق کی کہ رات تقریباً دو بجے سیف علی خان کو دواخانہ لایا گیا۔ ان کی گردن پر چاقو کا گہرا زخم موجود تھا۔ ڈاکٹروں نے بتایا کہ دوانچ کی چاقو جسم میں پیوست ہوگئی تھی۔ ڈاکٹروں نے کامیابی کے ساتھ اس چاقو کو نکال دیا اور سرجری کے ذریعہ خون کے بہاؤ کو روک دیا گیا۔ دیگر دو زخموں کے لئے ڈاکٹروں نے پلاسٹک سرجری بھی کی۔ سیف علی خان کو آپریشن تھیٹر سے آئی سی یو منتقل کردیا گیا ہے، جہاں وہ 24 گھنٹے نگہداشت میں رہیں گے۔ پولیس نے بتایا کہ حملہ آور چوری کی نیت سے سیڑھیوں کے ذریعہ سیف علی خاں کے مکان میں داخل ہوا۔ پولیس نے مشتبہ شخص کی شناخت کرلی ہے اور اسے گرفتار کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

OO

بی آر ایس سے منحرف ہو کر کانگریس میں شامل ہونے والے 10 ارکان اسمبلی کو نااہل قرار دینے کی درخواست کرتے ہوئے بی آر ایس نے سپریم کورٹ میں آج دو عرضیاں داخل کی ہیں۔ بی آر ایس کے سینئر لیڈر ہریش راؤ نے قانونی ٹیم کے ساتھ قطعی بات چیت کی، جس کے بعد یہ عرضیاں دائر کی گئیں۔ بی آر ایس نے ایک اسپیشل لیو پٹیشن اور ایک ریٹ پٹیشن دائر کی ہے۔ 7 ارکان اسمبلی پوچارام سرینواس ریڈی، کالے یادیا، سنجے کمار، کرشنا موہن ریڈی، مہیپال ریڈی، پرکاش گوڑ اور اریکا پوڑی گاندھی کو نااہل قرار دینے کے لئے ریٹ پٹیشن دائر کی گئی۔ دانم ناگیندر، ٹی وینکٹ راؤ اور کڈیم سری ہری کو نااہل قرار دینے کی درخواست کرتے ہوئے ایس ایل پی دائر کی گئی۔ بی آر ایس نے اپنی عرضیوں میں کہا کہ ہائی کورٹ کی جانب سے اسپیکر کو ہدایت دی گئی تھی کہ وہ منحرف ارکانِ اسمبلی کو نااہل قرار دینے کے بارے میں فیصلہ کریں لیکن 6 مہینوں کے بعد بھی انہوں نے کوئی کارروائی نہیں کی۔

OO

اسٹارٹ اَپ انڈیا کے آج 9 سال مکمل ہو گئے۔ اس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ ان کی حکومت ملک میں اسٹارٹ اَپس کے کلچر کو فروغ دینے کے لئے تمام اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے اپنے سوشیل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ گزشتہ 9 سال کے دوران مختلف پروگراموں کے ذریعہ ان گنت نوجوانوں کو بااختیار بنایا گیا اور ان کی انوکھی سونچ کو کامیاب اسٹارٹ اَپس کی شکل دی گئی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت کی پالیسیوں میں کاروبار کو آسان بنانے پر توجہ دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ وسائل تک باآسانی رسائی اور ہر مرحلہ پر اسٹارٹ اَپس کی مدد کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

OO

ٹرانسمیشن کارپوریشن آف تلنگانہ کے چیرمین اور منیجنگ ڈائرکٹر کرشنا بھاسکر نے آج عہدیداروں سے کہا کہ وہ ریاست میں بلارکاوٹ برقی کی سربراہی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کے تحت آنے والے علاقوں میں بھی بلارکاوٹ سربراہی پر زور دیا ہے۔ انہوں نے 33 کے وی کے ہر فیڈر پر برقی کی سربراہی پر قریبی نظر رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ ٹرانسکو کے عہدیداروں کو ہدایت دی گئی کہ وہ مرمت کے لئے ٹرانسفارمرس اور دیگر اشیاء کا ذخیرہ کریں۔ بھاسکر نے رائے درگ جی آئی ایس سب اسٹیشن کا اچانک دورہ کیا۔

OO

سابق مرکزی وزیر ایس جئے پال ریڈی کو آج ان کے 83 ویں یوم پیدائش کے موقع پر خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ سابق نائب صدر جمہوریہ وینکیا نائیڈو نے حسین ساگر کے کنارے جئے پال ریڈی کی یادگار اسپورتی استھل کا دورہ کیا اور آنجہانی لیڈر کو خراج عقیدت پیش کیا۔ کانگریس پارٹی کے قائدین اور جئے پال ریڈی کے ارکان خاندان نے بھی خراج پیش کیا۔ گاندھی بھون میں کانگریس کے قائدین نے جئے پال ریڈی کو خراج عقیدت پیش کیا اور مرکزی وزیر اور رکن پارلیمنٹ کی حیثیت سے ان کی خدمات کو یاد کیا۔

OO